© rasailojaraid.com

ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: عقد الفرائد البہیۃ فی جمع القواعد الفقہیہ   تالیف: مفتی محمد وہاب منگوری الحقانی
ضخامت: ۱۴۴ صفحات   پتہ: رئیس قسم التخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء دارالعلوم خیر المدارس مینگورہ سوات

مولانا مفتی محمد وہاب منگوری حقانی جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے مایہ ناز فاضل اور ذہین وفطین متخصص اور فارغ التحصیل ہیں۔ طالب علمی کے ہمہ اوقات دارالعلوم میں گزارے ہیں' اس نوجوانی میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو فقہ وفتاویٰ اور تصنیف وتالیف میں نمایاں مقام عطا فرمایا ہے۔ دارالعلوم کے سابق شیخ الحدیث اور مفتی اعظم مولانا مفتی محمد فرید صاحبؒ کی خدمت اور قرب سے خصوصی فیض اور حظ وافر حاصل کیا ہے۔ ان کے فتاویٰ فریدیہ' سہ ماہی الفرید اور دیگر افادات کی ترتیب واشاعت میں ان کا بڑا حصہ ہے۔ فتاویٰ حقانیہ کی ترتیب وتسوید میں بھی آپ شریک کار رہے ہیں۔

دارالعلوم خیر المدارس مینگورہ سوات میں درجات عالیہ کے پڑھانے کے ساتھ ساتھ درجہ تخصص فی الفقہ کے رئیس اور استاذ بھی ہیں' اپنے طویل درسی تجربات اور اپنے اساتذہ ومشائخ کرام کی توجہات وعنایات کے پیش نظر درجہ تخصص میں پڑھانے کیلئے "عقد الفرائد البہیۃ فی جمع القواعد الفقہیہ" کی ترتیب واشاعت میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ جو قواعد الفقہ کی بلند معیاری اور عظیم شاہکار تاریخی کارنامہ ہے۔ کتاب میں الاشباہ والنظائر' شرح المجلہ اور المدخل الفقہی العام کے قواعد کو جمع کیا ہے۔ اس کیلئے امثلہ اور مناسب شرح کے لئے فقہی جزئیات کا سہارا لیا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اپنے اساتذہ اور مشائخ کے افادات اور جدید فقہی ذخائر سے بھی کافی استفادہ کیاہ۔ جو یقیناً ایک محقق فقیہ کا شایان شان کارنامہ ہے۔ بعض ارباب تخصصات نے اس کو تخصص کے نصاب میں بھی داخل کیا ہے' جو اللہ کریم کی طرف سے قبولیت کی علامت ہے۔ کتاب کی زبانی عربی ہے اور فقہ وفتاویٰ کے معلمین ومتعلمین کے لئے یکساں مفید اور افادہ واستفادہ کا ذریعہ ہے۔ ۱۴۴ صفحات میں اعلیٰ کاغذ مضبوط جلد بندی کے ساتھ ستر روپے میں کتب خانوں سے دستیاب ہے۔

اللہ کریم مؤلف موصوف کو مزید توفیق عطا فرمادے کہ اسی طرح تحقیقی اور تعمیری کام کرتے رہیں۔

(بقیہ صفحہ ۶۳ پر)

© rasailojaraid.com